اضطراب شاہِ تغزل حضرت جگر مرادآبادی کی نگرانی اور مسعود اختر جمال صاحب کی ادارت میں کئی ماہ سے نکل رہا ہے، زیر تبصرہ نمبر اس رسالہ کا ضخیم اور شاندار خاص نمبر ہے جس میں سنجیدہ علمی اور تنقیدی مضامین کے علاوہ اٹھیس افسانے بھی شامل ہیں، ساتھ ہی "جواہر پارے" کے عنوان سے بعض مشہور ادیبوں اور فاضلوں کے جستہ جستہ بصیرت افروز مقولے درج کئے گئے ہیں۔ اسی طرح "منقولات" کے ماتحت انگریزی۔ اردو، اور ہندی کے بعض نامور بزرگوں اور ادیبوں یا شاعروں کے بعض چھوٹے چھوٹے فقرے یکجا کردیئے گئے ہیں۔ حصہ نظم میں نظمیں اور غزلیں قدیم وجدید دونوں طرز کی ہیں۔ یہ دیکھکر بڑی خوشی ہوئی کہ صنمستانِ بنارس میں حضرت جگر مرادآبادی کی زیر امامت اضطراب کے موذن نے اردو ادب کی ترقی و اصلاح کی دعوت کے لئے جو اذان دی ہے اس میں ادب عالیہ اور سنجیدہ لٹریچر کے بجائے ناپاک "نیا ادب" کی آمیزش نہیں ہے۔ اس خاص نمبر کی ترتیب میں مشہور ادیبوں اور شاعروں نے حصہ لیکر اسے اردو ادب کا ایک مجموعۂ رنگ و بو بنا دیا ہے۔ جو ہر سنجیدہ مذاق کے انسان کے پڑھنے کی چیز ہے۔ ضخامت اور مضامین کے تنوع کے لحاظ سے قیمت عہ کچھ زیادہ نہیں۔

فخر قوم ملا عبدالقیوم نمبر | مرتبہ جناب مولوی ابوالخیر صاحب کنج نشین تقطیع کلاں ضخامت ۱۹۲ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ متوسط قیمت عہ پتہ ۱۔ ادارۂ ترقی تعلیم اسلامی حسینی علم حیدرآباد دکن۔

ملا عبدالقیوم صاحب مرحوم حیدرآباد دکن کے نامور لیڈر اور پرجوش قومی کارکن تھے، حیدرآباد دکن کے رسالہ "مجلہ نظامیہ" کا یہ خاص نمبر آنمرحوم کے حالات و سوانح اور فضائل و شمائل کے لئے ہی مخصوص ہے جو "یوم ملا" منعقدہ ۹ رمضان المبارک کی تقریب سے شائع ہوا ہے۔ متعدد اصحاب قلم اور بعض سرکاری عہدہ داروں نے اس کی ترتیب میں حصہ لیکر آنمرحوم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔ ساتھ ہی دو تصویریں اور ملا صاحب کے خط کا ایک عکس بھی شامل ہے۔ جو لوگ ملا صاحب کے حالات سے دلچسپی رکھتے ہیں انھیں اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے۔